## ایم کیوایم لاہورزون کے زونل ممبرخرم شہزاد کے والدحاجی بشارت علی کے انتقال پرجناب الطاف حسین کا اظہارتعزیت

لندن:۔۔۔14 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لاہورزون کے زونل ممبرخرم شہزاد کے والدحاجی بشارت علی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا ظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا ظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## چشتی نگرگلشن اقبال ٹاؤن کے سندھی وبلوچ کمیونٹی کے معززین کی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت

## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآبادمیں رابطہ کمیٹی کے ارکان یوسف شاہوانی اورکیف الوریٰ سے ملاقات

کراچی:۔۔۔14 مئی،2012ء

چشتی نگر یوسی 10 گلشن اقبال ٹاؤن کے سندھی وبلوچ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے معززین نذیراحمد چاچڑ،اللہ ڈنومیمن،محمد مٹھل بگٹی،علی مرتضیٰ کھوسواوروسیم عمرانی کی سربراہی میں 25 رکنی وفد نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متاثر ہوکرایم کیوایم میں غیرمشروط شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان یوسف شاہوانی اورکیف الوریٰ سے خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآبادمیں ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پرکراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم،جوائنٹ انچارج سلیم جوکھیو،اراکین بشیراحمد دروان،عزیزالرحمان،حاجی علی محمد،حاجی اسمٰعیل بلوچ اورالطاف حسین مینگل بھی موجود تھے۔ وفد نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے وہ واحدلیڈر ہیں جوپاکستان میں بسنے والے تمام مظلوم ومحکوم طبقے کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں،جناب الطاف حسین کے ہی فکر وفلسفہ اورنظریئے نے ہمیں یہ شعوردیا ہے کہ ہم علاقائی اورلسانی بنیادپرکی جانے والی سیاست کوایم کیوایم میں شامل ہوکرترک کرچکے ہیں اورپیار،محبت اوراخوت کے قومی دھارے میں داخل ہوگئے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے چشتی نگرکے سندھی وبلوچ معززین کوایم کیوایم میں شمولیت اختیارکرنے پرجناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اس ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے تاکہ ملک بھرمیں بسنے والے مظلوم ومحکوم عوام کوان کے جائزحقوق حاصل ہوسکیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے 98 فیصد مظلوم ومحکوم عوام بیدارہورہے ہیں اوراپنے حقوق کے حصول کے لئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم کے پرچم تلے تیزی سے جمع ہورہے ہیں اوروہ دن دورنہیں جب ملک سے فرسودہ جاگیردارنہ،وڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اورغریب متوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہوگی۔

## نامعلوم افرادکی فائرنگ سے ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 76 کے کارکن سلطان کے بہیمانہ قتل پررابطہ کمیٹی کا اظہارمذمت

کراچی۔۔۔14 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کورنگی سیکٹریونٹ 76 کے کارکن سلطان ولدسلیمان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور سفاکانہ قتل کے اس واقعہ کوشہرکا امن خراب کرنے کی سازش قراردیا ہے۔ایک بیان رابطہ کمیٹی نے سلطان شہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی اظہارکرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اورگورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد سے مطالبہ کیا ہے کہ سلطان شہید کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیاجائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتارکرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزادی جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوارکارکنان سے اظہارِتعزیت

کراچی:۔۔۔14 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹریونٹ 154 کے کارکن اعجازشہزادکی بھابھی محترمہ شمیم نوراورایم کیوایم ایبٹ آبادزون یوسی کینٹ ایریا کے کارکن شہریارخان کے والد طارق خان جدون کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ضلع خیر پور گوٹھ محمد عارب سولنگی تحصیل کوٹ ڈیجی کی سماجی کارکن محترمہ غلام صغراں کے گھر پر حملے کا واقعہ کھلی دہشت گردی ہے، رابطہ کمیٹی غلام صغراں کے گھر پر حملے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے

کراچی:۔۔۔14، مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ضلع خیر پور گوٹھ محمد عارب سولنگی تحصیل کوٹ ڈیجی کی سماجی کارکن محترمہ غلام صغراں کے گھر پر مخالفین کے حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ غلام صغراں کے گھر پر حملے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محترمہ غلام صغراں سماجی خدمات کے حوالے سے شہرت رکھتی ہیں اور خواتین کی فلاحی سرگرمیوں کے حوالے سے جانی پہنچانی جاتی ہیں اور ان کی خدمات کے اعتراف میں 2011ء میں امریکا میں انہیں ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ فلاحی کاموں کی مخالفت کرنا اور اسے جواز بنا کر محترمہ غلام صغراں کے گھر پر حملہ کر کے ان کے صاحبزادے شاکر علی اور بہنوئی کو زخمی کرنے کا واقعہ کھلی دہشت گردی ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سماجی کارکن محترمہ غلام صغراں کے گھر پر مخالفین کے حملے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث حملہ آور کو فی الفور گرفتار کر کے آئین و قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر کے ترقیاتی فنڈز سے محمود آباد کی کشمیر کالونی و اختر کالونی میں سوا 4 کروڑ روپے کی لاگت سے پانی اور منظور کالونی میں 70 لاکھ روپے مالیت سے سیوریج کی نئی لائنوں کی تنصیب کا افتتاح کر دیا گیا

## ایم کیو ایم کے منتخب نمائندے عوام کے ترقیاتی و تعمیراتی فنڈز عوام کی ہی فلاح و بہبود پر خرچ کرتے ہیں، وسیم اختر

## ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں میں عوامی خدمت کا یہ جذبہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تربیت اور تعلیمات کا ہی نتیجہ ہے

## ترقیاتی فنڈز سے مجموعی طور پر 4 کروڑ 95 لاکھ روپے مالیت سے پانی اور سیوریج کی نئی لائنوں کی افتتاحی تقریبات سے خطاب

## پانی اور سیوریج کی نئی لائنیں ڈال کر دیرینہ مسائل حل کرنے پر عوام کا حق پرست قیادت کو زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔14، مئی 2012ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر کے ترقیاتی فنڈز سے محمود آباد کی کشمیر کالونی و اختر کالونی میں سوا 4 کروڑ روپے کی لاگت سے پانی اور منظور کالونی میں 70 لاکھ روپے مالیت سے سیوریج کی نئی لائنوں کی تنصیب کا افتتاح کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں کشمیر کالونی اور منظور کالونی میں علیحدہ علیحدہ افتتاحی تقریبات منعقد ہوئیں جن میں علاقے کے معززین، نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت پانی اور سیوریج کی نئی لائنیں ڈال کر عوام کے دیرینہ مسئلہ کو حل کرانے پر حق پرست قیادت سے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ افتتاحی منصوبوں کی تقریبات سے حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے خطاب کیا۔ قبل ازیں حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے پانی اور سیوریج کی نئی لائنوں کے منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کیا اور علاقے کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔ افتتاحی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے وسیم اختر نے کہا کہ ایم کیو ایم کے منتخب نمائندے عوام کے ترقیاتی و تعمیراتی فنڈز عوام کے ہی فلاح و بہبود پر خرچ کرتے ہیں جبکہ ملک کی دیگر سیاسی و مذہبی جماعتیں ایسا عمل کرنے سے قاصر ہیں کیونکہ وہ جماعتیں موروثی ہیں اور جاگیردارانہ نظام کے زیر اثر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم سے جو بھی وزیر، مشیر، سینیٹر، سٹی ناظم، میئر بنے انہوں نے عوامی خدمت کے جذبے کا ہی مظاہرہ کیا اور ایسے کارنامے انجام دیئے جن سے عوام خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں میں عوامی خدمت کا یہ جذبہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تربیت اور تعلیمات کا ہی نتیجہ ہے اور جناب الطاف حسین اپنی تعلیمات اور تربیت کے ذریعے ملک بھر کے غریب و مظلوم اور ظلم کی چکی میں پسے ہوئے عوام کو سہارا فراہم کر رہے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان تک بھی زندگی کی وہ تمام سہولیات پہنچیں جو ان کا بنیادی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے منتخب نمائندے بلاتفریق عوامی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور آج کشمیر کالونی، اختر کالونی، منظور کالونی کے مکینوں کیلئے کروڑوں روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے پانی اور سیوریج کی نئی لائنوں کی تنصیب کے منصوبوں کا افتتاح اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیو ایم اور اس کے منتخب نمائندے ہیں وہ جذبہ رکھتے ہیں جسے آج ملک کی اشد ضرورت ہے اور ملک کی تاریخ میں ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں کے تعمیراتی و ترقیاتی منصوبے اپنی مثال آپ ہیں۔ افتتاحی تقریبات کے معززین اور شرکاء نے حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر سے منظور کالونی، کشمیر کالونی اور اختر کالونی کے دیرینہ مسائل کے حل میں خصوصی دلچسپی لینے اور کاوشیں پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## حیدرآباد بھکر جمالی روہڑی کینال میں 150 فٹ سے زائد چوڑا شگاف پڑنے سے درجنوں گاؤں کے زیرآب ہونے اوراس کے نتیجے میں ہونیوالی تباہی پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تشویش

## حیدرآباد بھکر جمالی روہڑی کینال میں 150 فٹ سے زائد چوڑا شگاف پڑنے سے درجنوں گاؤں کے زیرآب آنے سے ہونیوالی تباہی پر قابو پانے اور متاثرین کو باحفاظت محفوظ مقام پر منتقل کرنے کیلئے امدادی کاموں کو مزید تیز کیا جائے

کراچی:۔۔۔14 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد بھکر جمالی روہڑی کینال میں 150 فٹ سے زائد چوڑا شگاف پڑنے سے درجنوں گاؤں کے زیرآب ہونے اوراس کے نتیجے میں ہونیوالی تباہی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ بھکر جمالی روہڑی پر پڑنے والے شگاف کے باعث حیدرآباد کے درجنوں گاؤں زیرآب آگئے ہیں جس کی وجہ سے دیہی علاقے بڑے پیمانے پر تباہ ہوچکے ہیں اور کئی خاندانوں کی زندگیاں بری طرح متاثر ہوگئی ہیں اور موجودہ صورتحال میں انکے پاس ایسے کوئی بھی وسائل موجود نہیں ہیں جسے بروئے کار لاتے ہوئے وہ اپنی مدد کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت فوری طور پر متاثرہ خاندانوں کے افراد کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے ہنگامی بنیادوں پر امدادی کاموں کو تیز کرے۔انہوں نے حیدرآباد بھکر جمالی روہڑی کینال میں 150 فٹ سے زائد چوڑا شگاف پڑنے کے نتیجے میں درجنوں گاؤں اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدرآباد بھکر جمالی روہڑی کینال میں 150 فٹ سے زائد چوڑا شگاف پڑنے سے درجنوں گاؤں کے زیرآب آنے سے ہونیوالی تباہی پر قابو پانے امدادی سرگرمیوں کو مزید تیز کرے اور متاثرین کو باحفاظت محفوظ مقام پر منتقل کرنے کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیوایم نے سیاست میں عوامی خدمت کے جذبے کو متعارف کروایا،محمد شریف

## نیوسعیدآباد میں روہڑی کینال میں شگاف پڑنے کے سبب متاثرہ افراد کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی سرگرمیاں

حیدرآباد۔۔۔14 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گذشتہ روز نیوسعیدآباد میں روہڑی کینال میں شگاف پڑنے سے متاثر ہونے والے افراد کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان کی نیوسعیدآباد میں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام نیوسعیدآباد میں متاثرین کیلئے امدادی کیمپ کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں انکی عارضی رہائش اور خوارک کا انتظام کیا گیا۔امدادی کیمپ اور متاثر ہونے والے علاقوں کا متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف اور حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سہیل یوسف نے دورہ کیا اور انکی امداد اور بحالی کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلوایا گیا۔اس موقع پر موجود کارکنان سے زونل انچارج محمد شریف نے گفتگو کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ہمیں خدمت انسانیت کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے سیاست میں عوامی خدمت کے جذبے کو متعارف کروایا اور مشکل وقت میں پسے ہوئے افراد کی مدد انسان کو روحانی تسکین بخشتی ہے۔

## ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس نے ڈرائنگ روم کی سیاست کرنے کے بجائے عوامی خدمت کو اپنا شعار بنایا،
## حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سید وسیم حسین کی اپنے مختص شدہ فنڈ سے عبرت پریس، المشرق سینٹر، قاضی قیوم روڈ اور اطراف کی گلیوں میں جاری ترقیاتی کاموں کے جائزے کے موقع پر عوام سے گفتگو

حیدرآباد:۔۔۔14 مئی،2012ء

حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سید وسیم حسین نے سیکٹر کینٹ کے ذمہ داران کے ہمراہ اپنے فنڈ سے عبرت پریس، المشرق سینٹر، قاضی قیوم روڈ کے اطراف کی گلیوں میں جاری ترقیاتی کے کاموں کا جائزہ لیا۔اور متعلقہ افسران کو برق رفتاری سے کام سرانجام دینے اور عوام کو بہتر سہولت فراہم کرنے کی ہدایت،اس موقع ایم ڈی واسا سلیم آرائیں ودیگر افسران بھی موجود تھے۔حق پرست رکن صوبائی اسمبلی سید وسیم حسین نے مختلف علاقوں میں جمع ہونے والے لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس نے ڈرائنگ روم کی سیاست کرنے کے بجائے عوامی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے انہوں نے کہا کہ حیدرآباد قائد تحریک الطاف حسین کا شہر ہے اور اس شہر کے عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے انہوں نے لوگوں کو انکے مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت شہر کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہے اور حیدرآباد کو مسائل کی دلدل سے نکالنے میں کوشاں ہے۔

## حق وصداقت کی آواز ہر دور میں بلند رہی، جبر واستبداد کے معاشرے میں جناب الطاف حسین نے گلے سڑے اور فرسودہ استحصالی نظام کے خلاف آواز حق بلند کی، ذوالفقار خانزادہ

## ملک بھر کی عوام تبدیلی کیلئے جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کے گرد تیزی سے جمع ہو رہی ہے، سہیل یوسف

## حیدرآباد زون سیکٹر آئی میں معززین کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔14 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار خانزادہ نے کہا کہ حق وصداقت کی آواز ہر دور میں بلند رہی ہے، جبر واستبداد کے معاشرے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے گلے سڑے نظام کے خلاف آواز حق بلند کی۔ یہ بات انہوں نے سیکٹر آئی میں منعقد ہونے والے معززین کے اجلاس سے خطاب کرے ہوئے کہی۔ اجلاس میں رکن زونل کمیٹی وحق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف سیکٹر و یونٹس ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ معززین کثیر تعداد میں موجود تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی فکر انگیز سوچ ہے ان کا فلسفہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی ملک میں انقلاب کی نوید دے رہا ہے اور جس پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی منزل حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ وہ صرف زبانی دعوئے نہیں کرتے بلکہ عملی جدوجہد کے ذریعے حقیقت پسندی کو سمجھ کر عملیت پسندی کا ثبوت فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 98 فیصد غریب اور متوسط طبقے کی رہنمائی اور رہبری کا بیڑا اٹھایا انہیں اس بات کا شدت سے احساس تھا کہ جاگیردار اور وڈیرے، سردار اور 02 فیصد مراعات یافتہ طبقے نے تمام وسائل پر قبضہ کیا ہوا ہے 64 برس گزرنے کے باوجود عام آدمی کی حالت بدستور خراب ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جو ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے مظلوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا چاہتے ہیں جس کی بدولت ملک سے فرسود نظام اور موروثی سیاست کا خاتمہ ممکن ہوسکتا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پرامن عوامی انقلاب کے ذریعے ایک ایسا نظام لانا چاہتے ہیں جس کی بدولت ہر انسان کو آزادی کے ساتھ اس کے حقوق حاصل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقہ کے مظلوم عوام کی واحد نمائندہ جماعت ہے جس کے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے عوام کو وہ شعور وآگہی فراہم کی جس کی بدولت آج ملک میں انقلاب کی صدا بلند ہو رہی ہیں۔ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے کہا کہ ملک بھر کی عوام تبدیلی کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کے گرد تیزی سے جمع ہو رہی ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قول وفعل میں تضاد نہ ہونے کے باعث آج ملک بھر کی غریب ومتوسط طبقہ کی مظلوم عوام جان چکی ہے کہ ظالموں سے ملک بھر کے مظلوم عوام کو نجات دلانے والے غریب متوسط طبقہ کے واحد لیڈر صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین اور انکی جماعت متحدہ قومی موومنٹ ہے۔

## ایم کیو ایم لاہور زون کے زیر اہتمام پنجاب ہاؤس لاہور میں قائد تحریک الطاف حسین کے بھائی، بھتیجے اور تمام حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کے لئے قرآن اور نعت خوانی کی عظیم الشان محفل کا انعقاد

## حامل نعت خواہاں نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت اور قراء کرام نے کلام پاک کی تلاوت سے حاضرین محفل کے دل کو منور کیا

## رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر ودیگر ارکان زونل کمیٹی اور تمام ڈسٹرکٹس کی شرکت

لاہور:۔۔۔۔12 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان محفل نعت وقرآن خوانی کا انعقاد ہوا جس میں عالمی شہرت کے حامل نعت خواہاں اور قراء کرام نے شرکت کی۔ نعت خواہاں نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کی جس نے حاضرین محفل کی روح کو تازگی بخشی اور قراء کرام نے تلاوت کلام پاک سے دلوں کو منور کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، زونل انچارج ملک وسیم کھوکھر، جوائنٹ انچارجز ساجد عباس سبزواری، پروین اختر، اراکین زونل کمیٹی، لاہور ڈسٹرکٹ انچارج ارشاد الحق، جوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارجز و اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی، شعبہ خواتین ورکنگ کمیٹی کی انچارج ماہ بانو، اور ٹاؤنز دیگر ڈسٹرکٹس کے انچارجز و اراکین اور کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان کے نامور نعت خواں اور تمغہ امتیاز جناب محبوب احمد ہمدانی، ناصر یامین (Q.Tv)، ناصر حسین قادری (ARY.Tv) اور احمد یار (Q.Tv) نے باگارہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کیں۔ اور پاکستان کے جانے پہچانے قاری ناصر حسین اور قاری سعید احمد خان نے تلاوت کلام پاک پیش کی۔ اور آخر میں حق پرست شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

## ایم کیوایم بلاامتیاز رنگ و نسل، زبان ومذہب لوگوں کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے، سید طیب حسین

## سیکٹر ایف کے زیراہتمام بدین چارلی اور سیکٹر سائیٹ کے زیراہتمام یوسی 16 میں معززین کے اجلاسوں سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔14 مئی 2012ء

گذشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے اراکین زونل کمیٹی رسول بخش میمن، اقبال قریشی اور حق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین سیکٹر ایف کے زیراہتمام بدین چارلی اور سیکٹر سائیٹ کے زیراہتمام یوسی 16 میں معززین کے علیحدہ علیحدہ ہونے والے اجلاسوں میں شرکت کی۔ اجلاسوں میں علاقے معززین سیکٹرز کے ذمہ داران وکارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی اس موقع پر رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ بلاامتیاز رنگ و نسل زبان ومذہب لوگوں کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور غریب ومظلوم عوام کے جائز حقوق کیلئے آواز بلند کرنے کی پاداش میں اس تحریک کو بدترین ریاستی ظلم وجبر کا سامنا رہا ہے مگر کوئی بھی سازشی ہتھکنڈہ قائد تحریک الطاف حسین کے عزم وولولے کو پست کرنے میں کامیاب نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے جب بھی اقتدار میں شراکت کی ہے اس کی یہ کوشش رہی ہے کہ وہ غریب عوام کے مسائل پر زیادہ سے زیادہ توجہ دے اور جہاں تک ممکن ہو ان کو حل کیا جائے اور موجودہ دور حکومت میں بھی ہماری یہی کوشش ہے۔

## ایم کیوایم سکھر زون کا سوگوار کارکنان سے اظہار افسوس

سکھر۔۔۔12 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زونل انچارج محمد قطب الدین بھائی واراکین زونل کمیٹی نے یوسی 04 کے کارکن صابر کمبوہ بھائی کی بھتیجی اور یوسی 09 کے ہمدرد سید خورشید احمد اور اُنکی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے (آمین)۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم سکھر زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی نے یوسی 11B کے کارکن پریم مسیح کی اہلیہ کے انتقال پر بھی دکھ وافسوس کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆